© rasailojaraid.com



۲ - کتاب الوسیلہ

یہ رسالہ اس مسئلے کی وضاحت کرتا ہے کہ پیغمبر اسلام علیہ الصلواۃ والسلام سے کوئی ایسی دعا ثابت نہیں جس میں کسی کے وسیلہ یا سفارش سے اللہ تعالی سے کوئی مراد مانگی گئی ہو۔

عوام الناس بزرگوں سے برکت حاصل کرنے کو اچھا سمجھتے ہیں، اور اس طرح گویا اپنی عاجزی کا اعتراف کرتے ہیں، اپنی مراد اللہ ہی سے چاہتے ہیں، البتہ بزرگوں، انبیاء اور صحابہ و مقربین بارگاہ الہی کا نام بطور سفارش لیتے ہیں -

بڑے افسوس کا مقام یہ ہے کہ آج کل کے اہل علم اور اہل حدیث، اور تعلیم یافتہ موجودہ دور کے اور مغربی تہذیب کے سارے غلط طریقوں اور غیر اسلامی اسلوب کے ایسے خوگر ہوگئے ہیں کہ ہر ہر قدم پر دوسروں کی سفارش کرتے اور چاہتے ہیں، اور اپنے اغراض و مقاصد کے آگے دوسروں کے حقوق کو پامال کرنے اور کرانے میں فخر و کامیابی محسوس کرتے ہیں، اور یہ بھول جاتے ہیں کہ وہ اللہ بزرگ و برتر کے نزدیک قابل گرفت بنتے ہیں،

اللہ تعالی صحیح اسلامی طریقے پر چلنے کی توفیق ہم سب مسلمانوں کو بخشے۔ آمین، ثم آمین -

محمد صغیر حسن معصومی

---

فتاوی عالمگیریہ : (عربی متن مع اردو ترجمہ)

جزء : ۴ قیمت چار روپے

ناشر:- مجلس منتظمۂ اشاعت فتاوی عالمگیریہ

پتا : مولانا محمد صادق ناظم مجلس منتظمۂ، سہگل آباد، ضلع جہلم

ہندوستان کے مشہور مغل شہنشاہ محی الدین اورنگزیب عالمگیر کی سرپرستی میں علماء کی ایک مجلس نے فتاوی عالمگیریہ کی تدوین کی۔ قرآن

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حکیم کے احکام اور سنت رسول علیہ الصلاۃ والسلام کے مطابق عام فرزندان اسلام کی رہنمائی کے لئے یہ مجموعۂ فتاوی نہایت مفید و اہم ہے ، اور حاکموں قاضیوں اور مفتیوں کے لئے احکام اسلام کا بیش بہا دائرۂ معارف ہے، جس سے ہر طرح کے مسائل کے جواب معلوم کرنے میں بڑی سہولت اور آسانی ہوتی ہے ۔ چونکہ ہندوستان و پاکستان کے باشندوں کی سب سے بڑی جماعت حنفیوں کی ہے، اور حنفی اماموں کے اقوال اکثر مسائل میں اهل السنت والجماعت نیز اکثر و بیشتر شیعہ فقہ کے احکام کے مطابق ہوتے ہیں، اس لئے احکام اسلام کے پیرو کاروں کے لئے یہ دائرہ معارف بےحد مفید و ضروری ہے ۔ ہر حکم کے لئے قدیم مآخذ کے حوالے درج ہیں ۔ ساتھ ہی ایسے اقوال درج کرنے کا اہتمام کیا گیا ہے جن پر اکثر و بیشتر علماء کا اتفاق اور عمل رہا ہے ۔

اس دائرۂ معارف مجموعۂ فتاوی کا ترجمہ مولوی سید امیر علی دهلوی نے زمانہ ہوا دہلی سے شایع کیا تھا ۔ پاکستان کے لئے باعث فخر و مباہات ہے کہ اس زمانہ میں مولانا محمد صادق صاحب نے نئے سرے سے اور بڑے اہتمام کے ساتھ فتاوی عالمگیریہ کا عام فہم اردو ترجمہ علیحدہ علیحدہ مسائل نمبروار لکھ کر شایع کرنا شروع کیا ہے ۔ ایک صفحہ میں اردو اور مقابل کے صفحے میں اصلی عربی عبارت درج ہے ۔ کتابوں کے حوالے اور نمبر الگ خانوں میں درج ہیں ۔ اس طرح یہ کتاب علماء طلباء اور عام اردو داں طبقہ کے لئے یکساں کارآمد ہے ۔

کتابت و طباعت نہایت دیدہ زیب ہے، اور اس کی معنوی خوبیاں قابل ستایش ہیں ۔ اب تک پانچ اجزا شایع کئے گئے ہیں۔

اللہ تعالی مترجم اور ناشرین کی ہر طرح اعانت کرے کہ انہوں نے ایک نہایت عظیم و اہم کام کا بیڑا اٹھایا ہے ۔

محمد مظہر حسن بہھیروی

© rasailojaraid.com